جوامع الکلم
یعنی
چہل حدیث
حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ
(مفتی اعظم پاکستان)
اضافی خصوصیات از مولانا شاہ فیصل فاضل وفاق المدارس
۱ مؤلف کا مختصر تعارف
۲ بامحاورہ ترجمہ کے ساتھ لفظی ترجمہ
۳ آخر میں چالیس مسنون دعائیں لفظی ترجمہ کے ساتھ
فیصل کتب خانہ
محلہ جنگی پشاور
0321-9091835

جوامع الکلم

یعنی

چہل حدیث

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ
(مفتی اعظم پاکستان)

مؤلف کا مختصر تعارف

(۱) بامحاورہ ترجمہ کے ساتھ لفظی ترجمہ

(۲) آخر میں چالیس مسنون دعائیں لفظی ترجمہ کے ساتھ

فیصل کتب خانہ محلہ جنگی پشاور
0321-9091835

گزارش

صاحبان علم کی خدمت میں گزارش ہے کہ اس کتاب کی تصحیح میں پوری کوشش کی گئی ہے لیکن اس کے باوجود بھی انسان خطاء اور نسیان (بھول) سے مرکب ہے اگر کوئی غلطی نظر آئے۔براہ کرام مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح ہوسکے واجر کم علی اللہ

فیصل کتب خانہ محلّہ جنگی پشاور شہر

موبائل نمبر ۰۳۲۱۹۰۹۱۸۳۵

فیصل کتب خانہ کے علاوہ یہ کتاب درج ذیل کتب خانوں میں بالخصوص اور دوسرے مکتبوں میں بھی دستیاب ہے:

1. مکتبہ علمیہ اکوڑہ خٹک
2. دینی کتب خانہ تیمرگرہ
3. عثمان بک ایجنسی مینگورہ
4. اسلامی کتب خانہ صوابی
5. مکتبہ اشرفیہ کوہاٹ
6. مکتبہ حقانیہ کالاش
7. مکتبہ علمیہ شیرگڑھ
8. باسطی کتب خانہ بٹ خیلہ
9. مکتبہ قاسمیہ تحت بھائی

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ

ولادت:- آپ محمد شفیع دیوبند ضلع سہارنپور یوپی میں ۱۳۱۴ ہجری شعبان کی تقریباً بیس تاریخ بمطابق جنوری ۱۸۹۷ عیسوی کو پیدا ہوئے آپ نجیب الطرفین تھے والد کا نام مولانا محمد یاسین اپنے وقت کی جید عالم تھے اور والدہ ماجدہ سادات میں سے تھیں اور آباؤ اجداد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اولاد میں تھے۔

درس نظامی اور آپ کے اساتذہ:-

۱۳۳۰ ہجری میں جب آپ کی عمر سولہ سال تھی اصول اور ادب وغیرہ کی متوسط کتابیں دارالعلوم کے درجہ عربی میں باقاعدہ داخل ہو کر شروع فرمائیں آپ کے اساتذہ کرام میں یہ حضرات خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔

① فخر المحدثین علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ ② مفتی اعظم ہند مولانا عزیز الرحمٰن صاحب عثمانی رحمہ اللہ ③ سابق مہتمم دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا محمد احمد صاحب بن مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ ④ شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی دیوبندی رحمہ اللہ ⑤ عارف باللہ حضرت مولانا سید میاں اصغر حسین رحمہ اللہ ⑥ شیخ الادب حضرت مولانا اعزاز علی صاحب قدس اللہ سرہ

تصانیف:- ① سیرت خاتم الانبیاء ② نجات المسلمین یعنی گناہوں کا کفارہ ③ تفسیر معارف القرآن ④ گناہ بے لذت ⑤ شب براءت کے فضائل واحکام ⑥ احکام القران وغیرہ

وفات:- آپ کا انتقال دس (۱۰) شوال ۱۳۹۶ ہجری کو ہوا جنازہ میں جمع غفیر نے شرکت کی اور اسی طرح یہ آفتاب علم وعرفان دارالعلوم کراچی کے احاطہ میں مخصوص قبرستان میں سپرد خاک ہوا نور اللہ مرقدہ۔

(ماخوذ از البلاغ بیاد فقیہ ملت حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مفتی اعظم پاکستان قدس اللہ سرہ)

چہل حدیث

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رسول مقبول ﷺ نے فرمایا[۱] کہ جو شخص میری امت کے فائدے کے واسطے دین کے کام کی چالیس حدیثیں سنادے گا اور حفظ[۲] کرے گا خدا تعالیٰ اس کو قیامت کے دن عالموں اور شہیدوں کی جماعت میں اٹھائے گا اور فرمائے گا کہ جس دروازے سے چاہے جنت میں داخل ہو جاؤ۔[۳]

اس عظیم الشان ثواب کے لئے سینکڑوں علمائے امت نے اپنے اپنے طرز پر چہل حدیث لکھیں جو مقبول و مفید عام ہوئیں۔

میری حیثیت اور حوصلہ سے بہت زیادہ تھا کہ اس میدان میں قدم رکھتا لیکن جب آنحضرت ﷺ کی مختصر سوانح حیات "سیرتِ خاتم الانبیاء" اس غرض سے لکھی کہ مبتدیوں اور عورتوں کو پڑھائی جائے تو مناسب معلوم ہوا کہ آخر میں کچھ احادیث کے مختصر جملے بھی درج کئے جائیں، جن کو مبتدی بھی یاد کر سکیں۔

---

۱ : رواہ ابن عدی h عن ابن عباس h وابن النجار عن ابی سعید h، کذا فی الجامع الصغیر۔ منہ

۲ : حفظ حدیث کے دو طریق ہیں۔ زبانی یاد کرکے لوگوں کو پہنچادے یا لکھ کر شائع کردے، اس لئے وعدہ حدیث میں وہ لوگ بھی داخل ہیں جو چہل حدیث طبع کرا کر شائع کرتے ہیں، اس صورت میں چہل حدیث کا ہر نسخہ اس عظیم الشان ثواب کا مستحق بنا دیتا ہے۔ اس قدر سہل الوصول اور عظیم الشان ثواب سے بھی اگر کوئی محروم رہے تو اس کی قسمت۔ منہ

۳ :قال النوویؒ فی اول اربعینہ قد روینا عن علی وابن مسعود ومعاذ بن جبل وابی الدرداء وابن عمر h وابن عباس h وابی هريرة h وابی سعید الخدری h من طرق کثیرة بروایات متنوعة ان رسول الله ﷺ قال من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثاً۔اھ، واتفق الحفاظ علی انه حدیث ضعیف۔ اھ، وقد اتفق العلماء علیٰ جواز العمل بالحدیث الضعیف فی فضائل الاعمال۔اھ، وقال الحافظ ابن حجرؒ فی التلخیص روی من ثلثة عشر من الصحابة رضی الله عنهم کذا فی مقدمة لامع الدراری شرح البخاری ص۱۵۴)

اس ذیل میں خیال آیا کہ پوری چالیس حدیثیں کر دی جائیں تاکہ اس کے یاد کرنے والے چہل حدیث کے عظیم الشان ثواب کے بھی مستحق ہو جائیں اور شاید ان کی برکت سے یہ سراپا گنہگار بھی ان بزرگوں کے خدام میں شمار ہو جائے۔

{وَمَا ذَالِكَ عَلَى اللهِ بِعَزِيْزٍ}

تنبیہ :-

(۱) یہ احادیث سب نہایت صحیح اور قوی، بخاری و مسلم کی حدیثیں ہیں۔

(۲) چونکہ آج کل عام طور پر مسلمانوں کی اخلاقی حالت زیادہ تباہ ہوتی جارہی ہے اور بچپن میں تعلیم اخلاق مؤثر بھی زیادہ ہوتی ہے۔ اس لئے اکثر احادیث وہی درج کی ہیں جو اعلیٰ اخلاق اور تہذیب و تمدّن کے زرّین اصول ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۱) نیت کی اہمیت

اِنَّمَا	الْاَعْمَالُ	بِالنِّيَّاتِ
بے شک	اعمال (کادار و مدار)	نیت پر ہے

ترجمہ: سارے عمل نیت سے ہیں [۱]۔ (بخاری و مسلم)

(۲) مسلمان کے حقوق

حَقُّ	الْمُسْلِمِ	عَلَى الْمُسْلِمِ	خَمْسٌ	رَدُّ	السَّلَامِ
حق ہیں	مسلمان کے	مسلمان پر	پانچ	جواب دینا	سلام کا

وَعِيَادَةُ	الْمَرِيْضِ	وَاتِّبَاعُ	الْجَنَائِزِ
مزاج پرسی کرنا	مریض کی	جانا	جنازہ کے ساتھ
وَاِجَابَةُ	الدَّعْوَةِ	وَتَشْمِيْتُ	الْعَاطِسِ
قبول کرنا	اس کی دعوت	جواب دینا	چھینک کرنے والے کا

[۱] یعنی اچھی نیت سے اچھے اور بُری نیت سے بُرے ہو جاتے ہیں۔ ۱۲

ترجمہ: مسلمان کے مسلمان پر پانچ حقوق ہیں: ① سلام کا جواب دینا۔ ② مریض کی مزاج پرسی کرنا۔ ③ جنازہ کے ساتھ جانا ④ اس کی دعوت قبول کرنا۔ ⑤ چھینک کا جواب (یَرْحَمُكَ اللہ) کہہ کر دینا۔ (بخاری و مسلم، ترغیب)

③ رحم دلی کا بدلہ

لَایَرْحَمُ	اللّٰہُ	مَنْ	لَّایَرْحَمُ	النَّاسَ
رحم نہیں کرتا	اللہ تعالی	اس شخص پر	جو رحم نہ کرے	لوگوں پر

ترجمہ: اللہ تعالی اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہ کرے۔

(بخاری و مسلم)

④ چغلخوری کی مذمت

لَایَدْخُلُ	الْجَنَّةَ	قَتَّاتٌ
نہ جائے گا	جنت میں	چغل خور

ترجمہ: چغل خور جنت میں نہ جائے گا۔ (بخاری و مسلم)

⑤ صلہ رحمی ختم کرنے کی سزا

لَایَدْخُلُ	الْجَنَّةَ	قَاطِعٌ
نہ جائے گا	جنت میں	رشتہ قطع کرنے والا

ترجمہ: رشتہ قطع کرنے والا جنت میں نہ جائے گا۔ (بخاری و مسلم)

⑥ ظلم کی مذمت

اَلظُّلْمُ	ظُلُمَاتٌ	يَوْمَ	الْقِيَامَةِ
ظلم	اندھیرے ہوگی	بروز	قیامت

ترجمہ: ظلم قیامت کے روز اندھیروں کی صورت میں ہوگا۔ (بخاری و مسلم)

⑦ کپڑا ٹخنوں سے نیچا رکھنے کی سزا

مَا	اَسْفَلَ	مِنَ الْكَعْبَيْنِ	مِنَ الْاِزَارِ	فِي النَّارِ
جو حصہ	نیچے رہے گا	ٹخنوں سے	پائجامہ کے	وہ جہنم میں جائے گا

ترجمہ: ٹخنوں کا جو حصہ پائجامہ کے نیچے رہے گا وہ جہنم میں جائے گا۔

(بخاری و مسلم)

⑧ کامل مسلمان کی تعریف

اَلْمُسْلِمُ	مَنْ	سَلِمَ	الْمُسْلِمُوْنَ	مِنْ لِّسَانِهٖ	وَيَدِهٖ
مسلمان	وہی ہے	کہ محفوظ رہیں	دوسرے مسلمان	اس کی زبان	اور اسکے ہاتھ سے

ترجمہ: مسلمان تو وہی ہے جس کی زبان اور ہاتھ کی ایذا سے مسلمان محفوظ رہیں۔(بخاری و مسلم)

⑨ نرمی مزاجی کا فائدہ

مَنْ	يُّحْرَمُ	الرِّفْقَ	يُحْرَمُ	الْخَيْرَ	كُلَّهٗ
جو شخص	محروم رہا	نرم عادت سے	وہ محروم رہا	بھلائی	ساری سے

ترجمہ: جو شخص نرم عادت سے محروم رہا وہ ساری بھلائی سے محروم رہا۔

(بخاری و مسلم)

غصہ کی کیفیت 13 پیرا منٹ تک رہتی ہیں

⑩ حقیقی پہلوان

لَيْسَ	الشَّدِيْدُ	بِالصُّرْعَةِ	اِنَّمَا	الشَّدِيْدُ
نہیں ہے	پہلوان	بچھاڑنے والا	بلکہ	پہلوان ہے
اَلَّذِیْ	يَمْلِكُ	نَفْسَهٗ	عِنْدَ	الْغَضَبِ
وہ شخص	جو قابو رکھے	اپنے نفس پر	بوقت	غصہ کے

ترجمہ: پہلوان وہ شخص نہیں جو لوگوں کو پچھاڑ دے۔ بلکہ پہلوان وہی شخص ہے۔ جو غصہ کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھے۔(بخاری و مسلم)

(۱۱) بے حیائی کا نتیجہ

اِذَا	لَمْ تَسْتَحْیِ	فَاصْنَعْ	مَا	شِئْتَ
جب	تم حیا نہ کرو	تو کرو	جو	تو چاہے

ترجمہ: جب تم حیا نہ کرو تو جو چاہے کرو۔ [۱] (بخاری ۲/ ۹۰۴)

(۱۲) پسندیدہ اعمال

اَحَبُّ	الْاَعْمَالُ	اِلَی اللّٰہِ	اَدْوَمُهَا	وَاِنْ	قَلَّ
زیادہ محبوب ہے	سب عملوں میں	اللہ کے نزدیک	جو (عمل) دائمی ہو	اگرچہ	تھوڑا ہو

ترجمہ: اللہ کے نزدیک سب عملوں میں وہ زیادہ محبوب ہے۔ جو دائمی ہو اگرچہ تھوڑا ہو۔(بخاری و مسلم)

(۱۳) تصویر سازی کی مذمت

لَاتَدْخُلُ	الْمَلَآئِکَۃُ	بَیْتًا	فِیْهِ	کَلْبٌ	اَوْتَصَاوِیْرُ
داخل نہیں ہوتے	فرشتے	اس گھر میں	جس میں	کتا	یا تصویریں ہوں

ترجمہ: اس گھر میں (رحمت) کے فرشتے نہیں آتے جس میں کتا یا تصویریں ہوں۔(بخاری و مسلم)

(۱۴) حسن اخلاق

اِنَّ	مِنْ اَحَبِّکُمْ	اِلَیَّ	اَحْسَنُکُمْ	اَخْلَاقًا
بے شک	زیادہ محبوب ہے	میرے نزدیک	تم میں سے زیادہ اچھا ہو	باعتبار اخلاق

---

[۱] یعنی جب حیا ہی نہیں تو ساری برائیاں برابر ہیں۔

ترجمہ: تم میں سے وہ شخص میرے نزدیک زیادہ محبوب ہے جو زیادہ خلیق ہے۔(بخاری ومسلم)

(۱۵) مومن وکافر میں فرق

اَلدُّنْيَا	سِجْنُ	الْمُؤْمِنِ	وَجَنَّةُ	الْكَافِرِ
دنیا	قید خانہ ہے	مسلمان کے لئے	اور جنت ہے	کافر کے لئے

ترجمہ: دنیا مسلمان کے لئے قید خانہ اور کافر کے لئے جنت ہے۔(بخاری ومسلم)

(۱۶) قطع تعلق کی حد

لَا يَحِلُّ	لِمُؤْمِنٍ	أَنْ	يَهْجُرَ
حلال نہیں	مسلمان کے لئے	کہ	قطع تعلق رکھے
أَخَاهُ	فَوْقَ	ثَلَاثِ	لَيَالٍ
اپنے مسلمان بھائی سے	زیادہ	تین	دن سے

ترجمہ: مسلمان کے لئے حلال نہیں کہ تین دن سے زیادہ اپنے مسلمان بھائی سے قطع تعلق رکھے۔(بخاری ومسلم)

(۱۷) بیدار مغزی

لَا يُلْدَغُ	الْمَرْءُ	مِنْ جُحْرٍ	وَاحِدٍ	مَرَّتَيْنِ
نہیں ڈسا جا سکتا	انسان کو	سوراخ	ایک ہی سے	دو مرتبہ

ترجمہ: انسان کو ایک ہی سوراخ [۱] سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جا سکتا۔(بخاری ومسلم)

(۱۸) حقیقی غنا

اَلْغِنٰى	غِنَى	النَّفْسِ
حقیقی غنا	غنا ہے	دل کا

ترجمہ: حقیقی غنا، دل کا غنا ہوتا ہے۔(بخاری ومسلم)

[۱] یعنی جس سے ایک مرتبہ نقصان پہنچتا ہے، پھر دوبارہ اس کے پاس نہیں جاتا۔

⑲ دنیا میں رہنے والے کی مثال

كُنْ	فِي الدُّنْيَا	كَأَنَّكَ	غَرِيْبٌ	اَوْ	عَابِرُ سَبِيْلٍ
رہو	دنیا میں	جیسے تو	مسافر ہے	یا	راہ گذر

ترجمہ: دنیا میں ایسے رہو جیسے کوئی مسافر یا راہ گذر رہتا ہے۔[1] (بخاری)

⑳ جھوٹ کی ایک قسم

كَفٰى	بِالْمَرْءِ	كَذِبًا	اَنْ
کافی ہے	انسان کے	جھوٹا ہونے کیلئے	اتنا ہی کہ
يُحَدِّثَ	بِكُلِّ مَا	سَمِعَ	
بیان کرنا شروع کردے	ہر وہ بات جو	سنے	

ترجمہ: انسان کے جھوٹا ہونے کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ جو بات سنے (بغیر تحقیق کے) لوگوں سے بیان کرنا شروع کردے۔ (مسلم، مشکوٰۃ)

㉑ چچا کا مقام

عَمُّ	الرَّجُلِ	صِنْوُ	اَبِيْهِ
چچا	آدمی کا	مانند ہے	اس کے باپ کے

ترجمہ: آدمی کا چچا اس کے باپ کے مانند ہے۔ (بخاری و مسلم)

㉒ پردہ پوشی کی اہمیت

مَنْ	سَتَرَ	مُسْلِمًا	سَتَرَهُ
جو	چھپائے گا (عیب)	کسی مسلمان کے	چھپائے گا اسکے (عیوب)
اللّٰهُ	يَوْمَ	الْقِيَامَةِ	
اللہ تعالیٰ	بروز	قیامت	

[1] یعنی زیادہ ٹھاٹھ نہ بناؤ۔

ترجمہ: جو کسی مسلمان کے عیب چھپائے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کے عیب چھپائے گا۔(بخاری ومسلم)

۲۳ کامیاب لوگ

وَرُزِقَ	اَسْلَمَ	مَنْ	اَفْلَحَ	قَدْ
اور جسے رزق مل گیا	جو اسلام لایا	وہ شخص	کامیاب ہے	یقیناً
اٰتَاهُ	بِمَا	اللّٰهُ	وَقَنَّعَهُ	كَفَافاً
جو اسے دے دی ہے	اس پر	اللہ تعالیٰ نے	اور اس کو قناعت دے دی	بقدرِ کفایت

ترجمہ: وہ شخص کامیاب ہے جو اسلام لایا اور جس کو بقدرِ کفایت رزق مل گیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی روزی پر قناعت دے دی۔(مسلم)

۲۴ لوگوں میں تصویر سازی کی مذمت

اَلْمُصَوِّرُوْنَ	الْقِيَامَةِ	يَوْمَ	عَذَاباً	النَّاسِ	اَشَدُّ
تصویر بنانے والے	قیامت	بروز	عذاب میں	لوگوں میں	سخت ہوں گے

ترجمہ: سب سے سخت عذاب میں قیامت کے روز تصویر بنانے والے ہوں گے۔(بخاری ومسلم)

۲۵ اسلام بھائی چارہ

اَلْمُسْلِمِ	اَخُو	اَلْمُسْلِمُ
مسلمان کا	بھائی ہے	مسلمان

ترجمہ: مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے۔(مسلم)

۲۶ مسلمانوں کی خیر خواہی

لَا یُؤْمِنُ	عَبْدٌ	حَتّٰی	یُحِبَّ
مسلمان نہیں ہو سکتا	کوئی بندہ	جب تک	پسند نہ کرے
لِاَخِیْهِ	مَا	یُحِبُّ	لِنَفْسِهٖ
اپنے بھائی کے لئے	وہی	جو پسند کرتا ہے	اپنے لئے

ترجمہ: کوئی بندہ اس وقت تک پورا مسلمان نہیں ہو سکتا جب تک اپنے بھائی کے لئے وہی پسند نہ کرے، جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

۲۷ پڑوسی کا حق

لَا یَدْخُلُ	اَلْجَنَّةَ	مَنْ	لَا یَاْمَنُ	جَارُهٗ	بَوَائِقَهٗ
نہ جائے گا	جنت میں	وہ شخص	محفوظ نہ رہے	جس کا پڑوسی	اس کی ایذاؤں سے

ترجمہ: وہ شخص جنت میں نہ جائے گا جس کا پڑوسی اس کی ایذاؤں سے محفوظ نہ رہے۔ (مسلم)

۲۸ ختم نبوت کا عقیدہ

اَنَا	خَاتَمُ	النَّبِیّٖنَ	لَا نَبِیَّ	بَعْدِیْ
میں	آخری ہوں	پیغمبروں کا	کوئی نبی نہ ہوگا	میرے بعد

ترجمہ: میں آخری پیغمبر ہوں میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔ (بخاری و مسلم)

۲۹ مسلمان آپس میں کیسے رہیں؟

لَا تَقَاطَعُوْا	وَلَا تَدَابَرُوْا	وَلَا تَبَاغَضُوْا	وَلَا تَحَاسَدُوْا
آپس میں قطع تعلق نہ کرو	اور ایک دوسرے کے درپے نہ ہو	اور آپس میں بغض نہ رکھو	اور ایک دوسرے سے حسد نہ رکھو
وَكُوْنُوْا	عِبَادَ	اللّٰهِ	اِخْوَانًا
اور سب ہو کر رہو	اے بندو	اللہ کے	بھائی بھائی

ترجمہ: آپس میں قطع تعلق نہ کرو اور ایک دوسرے کے درپے نہ ہو اور آپس میں بغض نہ رکھو اور حسد نہ رکھو۔ اور اے اللہ کے بندو سب بھائی ہو کر رہو۔ (بخاری)

(۳۰) چند اعمال کی فضیلت

اِنَّ	الْاِسْلَامَ	یَهْدِمُ	مَاکَانَ	قَبْلَهٗ
بے شک	اسلام	ڈھا دیتا ہے	ان (تمام گناہوں) کو جو ہوئے تھے	اس سے پہلے
وَاِنَّ	الْهِجْرَةَ	تَهْدِمُ	مَاکَانَ	قَبْلَهَا
اور بے شک	ہجرت	ڈھا دیتا ہے	ان (تمام گناہوں) کو جو ہوئے تھے	اس سے پہلے
وَاِنَّ	الْحَجَّ	یَهْدِمُ	مَاکَانَ	قَبْلَهٗ
اور بے شک	حج	ڈھا دیتا ہے	ان (تمام گناہوں) کو جو ہوئے تھے	اس سے پہلے

ترجمہ: اسلام ان تمام گناہوں کو ڈھا دیتا ہے جو پہلے کئے تھے اور ہجرت اور حج ان تمام گناہوں کو ڈھا دیتے ہیں جو اس سے پہلے کئے تھے۔ (مسلم و مشکوٰۃ)

(۳۱) چند بڑے گناہ

اَلْکَبَائِرُ	اَلْاِشْرَاكُ	بِاللّٰهِ	وَعُقُوْقُ	الْوَالِدَيْنِ
کبیرہ گناہ	شریک ٹھہرانا	اللہ تعالیٰ کے ساتھ	اور نافرمانی کرنا	والدین کی
وَقَتْلُ	النَّفْسِ	وَشَهَادَةُ	الزُّوْرِ	
اور قتل کرنا	کسی کو	اور شہادت	جھوٹی	

ترجمہ: کبیرہ گناہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، اور والدین کی نافرمانی کرنا اور کسی کو بے گناہ قتل کرنا۔ اور جھوٹی شہادت دینا ہیں۔
(بخاری و مسلم از مشکوٰۃ)

۳۲ مسلمانوں کے ساتھ تعاون و امداد کی فضیلت

مَنْ	نَفَّسَ	عَنْ مُؤْمِنٍ	كُرْبَةً	مِّنْ كُرَبِ
جو شخص	چھڑائے	کسی مسلمان کو	مصیبت	مصیبتوں سے
الدُّنْيَا	نَفَّسَ	اللّٰهُ	عَنْهُ	كُرْبَةً
دنیا کے	چھڑادے گا	اللہ تعالیٰ	اس کو	مصیبت
مِّنْ كُرَبِ	يَوْمِ الْقِيَامَةِ	وَمَنْ	يَسَّرَ	عَلٰى مُعْسِرٍ
مصیبتوں سے	قیامت کی	اور جو شخص	آسانی کرے	کسی مفلس پر
يَسَّرَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِ	فِي الدُّنْيَا	وَ
آسانی کرے گا	اللہ تعالیٰ	اس پر	دنیا میں	اور
الْاٰخِرَةِ	وَمَنْ	سَتَرَ	مُسْلِمًا	سَتَرَهُ
آخرت میں	اور جو شخص	پردہ پوشی کرے گا	کسی مسلمان کی	پردہ پوشی کرے گا اس کی
اللّٰهُ	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَاللّٰهُ	فِي عَوْنِ
اللہ تعالیٰ	دنیا میں	اور آخرت (میں)	اور اللہ تعالیٰ (لگا رہتا ہے)	مدد میں
الْعَبْدِ	مَا كَانَ	الْعَبْدُ	فِي عَوْنِ	اَخِيْهِ
بندہ کی	جب تک	بندہ	مدد میں (لگا رہتا ہے)	اپنے (مسلمان) بھائی کی

ترجمہ: جو شخص کسی مسلمان کو دنیاوی مصیبت سے چھڑائے، اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کی مصیبتوں سے چھڑادے گا۔ اور جو شخص کسی مفلس غریب پر

(معاملہ میں) آسانی کرے اللہ تعالیٰ اس پر دنیا و آخرت میں آسانی کرے گا۔ اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی پردہ پوشی کرے گا اور جب تک بندہ اپنے مسلمان بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی مدد میں لگا رہتا ہے۔(مسلم از مشکوٰۃ)

۳۳ بدعت کی قباحت

كُلُّ	بِدْعَةٍ	ضَلَالَةٌ
ہر ایک	بدعت	گمراہی ہے

ترجمہ: ہر ایک بدعت گمراہی ہے۔(مسلم)

۳۴ جنگ جھگڑوں کی مذمت

اَبْغَضُ	الرِّجَالِ	عِنْدَ
سب سے زیادہ مبغوض	آدمی	نزدیک
اللهِ	الْاَلَدُّ	الْخَصِمُ
اللہ کے	سخت	جھگڑالو

ترجمہ: اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ مبغوض جھگڑالو آدمی ہے۔(بخاری و مسلم)

۳۵ صفائی کی اہمیت

اَلطُّهُوْرُ	شَطْرُ	الْاِيْمَانِ
پاک رہنا	آدھا	ایمان ہے

ترجمہ: پاک رہنا آدھا ایمان ہے۔(مسلم)

۳۶ مساجد کی فضیلت

اَحَبُّ	الْبِلَادِ	اِلَى اللهِ	مَسَاجِدُهَا
سب سے محبوب	جگہ	اللہ کے نزدیک	مسجدیں ہیں

ترجمہ: اللہ کے نزدیک سب سے محبوب جگہ مسجدیں ہیں۔(مسلم)

(۴۷) مقبروں میں نماز کی ممانعت

مَسَاجِدَ	اَلْقُبُوْرَ	لَاتَتَّخِذُوْا
سجدہ گاہ	قبروں کو	نہ بناؤ

ترجمہ: قبروں کو سجدہ گاہ نہ بناؤ۔ (مسلم)

(۴۸) نماز میں صفوں کی درستگی کی تاکید

لَیُخَالِفَنَّ	اَوْ	صُفُوْفَكُمْ	لَتُسَوُّنَّ
اختلاف ڈال دے گا	ورنہ	اپنی صفوں کو	سیدھا کرو
	وُجُوْهِكُمْ	بَیْنَ	اللّٰهُ
	تمہارے قلوب میں	درمیان	اللہ تعالیٰ

ترجمہ: نماز میں اپنی صفوں کو سیدھا کرو، ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے قلوب میں اختلاف ڈال دے گا۔ (مسلم)

(۴۹) درود کی فضیلت

وَاحِدَةً	عَلَیَّ	صَلّٰی	مَنْ
ایک مرتبہ	مجھ پر	درود بھیجتا ہے	جو
عَشْرًا	عَلَیْهِ	اللّٰهُ	صَلّٰی
دس مرتبہ	اس پر	اللہ تعالیٰ	رحمت بھیجتا ہے

ترجمہ: جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتا ہے۔ (مسلم)

(۵۰) خاتمہ کی اہمیت

بِالْخَوَاتِیْمِ	اَلْاَعْمَالُ	اِنَّمَا
خاتمہ پر ہے	سب اعمال (کا اعتبار)	بے شک

ترجمہ: سب اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے۔ (بخاری و مسلم)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَخْصُوْصِ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ وَخَوَاصِّ الْحِكَمِ وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

العبد الضعیف محمد شفیع عفا اللہ عنہ
ووفقہ لما یحب ویرضاہ۔ ۱۷ رجب المرجب ۱۳۲۴ھ

[چالیس مسنون دعائیں (مترجم)]

(۱) صبح کو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ	بِكَ	أَصْبَحْنَا	وَبِكَ
اے اللہ	تیرے ہی (قدرت سے)	ہم صبح کے وقت میں داخل ہوئے	اور تیری ہی قدرت سے
أَمْسَيْنَا	وَبِكَ	نَحْيَا	وَبِكَ
ہم شام کے وقت میں داخل ہوئے	اور تیرے ہی قدرت سے	ہم جیتے ہیں	اور تیرے ہی قدرت سے
نَمُوْتُ	وَإِلَيْكَ	الْمَصِيْرُ	
ہم مرتے ہیں	اور تیری ہی طرف	جانا ہے۔	

ترجمہ: اے اللہ تیرے ہی قدرت سے ہم صبح کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری ہی قدرت سے ہم شام کے وقت میں داخل ہوئے اور تیرے ہی قدرت سے ہم جیتے اور مرتے ہیں اور تیری ہی طرف جانا ہے۔(ترمذی ۲/۱۷۶)

(۲) سورج نکلے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	اَلَّذِیْ	اَقَالَنَا
سب تعریفیں	اللہ ہی کے لئے ہیں	جس نے	ہمیں معاف رکھا
یَوْمَنَا	هٰذَا	وَلَمْ یُهْلِکْنَا	بِذُنُوْبِنَا
دن کو	آج	اور ہمیں ہلاک نہ فرمایا	ہمارے گناہوں کے سبب

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے آج ہمیں معاف رکھا اور گناہوں کے سبب ہمیں ہلاک نہ فرمایا۔(مسلم: ۱/ ۲۷۴)

(۳) شام کو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ	بِكَ	أَمْسَيْنَا	وَبِكَ
اے اللہ	تیرے ہی (قدرت سے)	ہم شام کے وقت میں داخل ہوئے	اور تیری ہی قدرت سے
أَصْبَحْنَا	وَبِكَ	نَحْيَا	وَبِكَ
ہم صبح کے وقت میں داخل ہوئے	اور تیرے ہی قدرت سے	ہم جیتے ہیں	اور تیرے ہی قدرت سے
نَمُوْتُ	وَاِلَيْكَ	الْمَصِيْرُ	
ہم مرتے ہیں	اور تیری ہی طرف	جانا ہے۔	

ترجمہ: اے اللہ ہم تیری ہی قدرت سے شام کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری ہی قدرت سے صبح کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری ہی قدرت سے جیتے اور مرتے ہیں اور مرنے کے بعد جی اٹھ کر تیری ہی طرف جانا ہے۔

(۴) صبح اور شام کی ایک خاص دعا

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو بندہ ہر صبح وشام تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ لیا کرے تو اسے کوئی چیز ضرر نہ پہنچائے گی۔ دوسری روایت میں ہے کہ اسے کوئی ناگہانی بلا نہ پہنچے گی۔ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ	اللّٰهِ	الَّذِيْ	لَا يَضُرُّ
شروع	اللہ کے نام سے	وہ اللہ کہ	نقصان نہیں دے سکتی
مَعَ اسْمِهٖ	شَيْءٌ	فِي الْأَرْضِ	وَلَا فِي السَّمَآءِ
اس کے نام کے ساتھ	کوئی چیز	زمین میں	اور نہ آسمان میں
وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	
اور وہ	سننے والا	اور جاننے والا ہے	

ترجمہ: اللہ کے نام سے ہم نے صبح کی (یا شام کی) جس کے نام کے ساتھ آسمان یا زمین میں کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔ (ترمذی ۲/۱۷۶)

سوتے وقت پڑھنے کی چیزیں

جب سونے کا ارادہ کرے تو وضو کرلیوے اور اپنے بستر کو تین بار جھاڑ لیوے پھر داہنی کروٹ پر لیٹ کر سر کے نیچے داہنا ہاتھ رکھ کر تین بار یہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ	قِنِي	عَذَابَكَ
اے اللہ	مجھے بچائیو	اپنی عذاب سے
يَوْمَ	تَبْعَثُ	عِبَادَكَ
جس روز	تو جمع فرمائے گا	اپنے بندوں کو

ترجمہ: اے اللہ مجھے عذاب سے بچائیو جس روز تو اپنے بندوں کو جمع فرمائے گا۔ (ابوداؤد: ۵۰۴۵)

یا یہ دعا پڑھو:

اَللّٰهُمَّ	بِاسْمِكَ	أَمُوتُ	وَأَحْيَا
اے اللہ	تیرا ہی نام لے کر	میں مرتا	اور جیتا ہوں

ترجمہ: اے اللہ میں تیرا ہی نام لے کر مرتا اور جیتا ہوں۔

(ترمذی: ۲/۱۷۹ و مسلم: ۲/۳۴۸)

اور سوتے وقت یہ بھی پڑھے:

سُبْحَانَ اللهِ	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	اَللّٰهُ اَكْبَر
۳۳ بار	۳۳ بار	۳۴ بار

(بخاری: ۶۳۱۸)

(۵) جب سو کر اٹھے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	اَحْیَانَا
سب تعریفیں	اللہ ہی کے لئے ہیں	جس نے	ہمیں زندگی بخشی
بَعْدَمَا	اَمَاتَنَا	وَاِلَیْهِ	النُّشُوْرُ
بعد اس کے	کہ ہمیں موت دی	اور اسی کی طرف	ہم کو اٹھ کر جانا ہے

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں موت دے کر زندگی بخشی اور ہم کو اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔(بخاری:٢/ ٩٣٤ و مسلم: ٢/ ٣٤٨)

(٦) جب پاخانہ جائے تو داخل ہونے سے پہلے بسم اللہ کہے اور یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ	اِنِّیْ	اَعُوْذُ
اے اللہ	میں	پناہ چاہتا ہوں
بِكَ	مِنَ الْخُبُثِ	وَالْخَبَائِثِ
تیری	خبیث مرد جنوں سے	خبیث عورت جنوں سے

ترجمہ: اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں خبیث جنوں سے مرد ہوں یا عورت۔ (بخاری: ٢/ ٩٣٦ و ابن ماجہ: ص:٢٦)

(٧) جب پاخانہ سے نکلے تو غُفْرَانَكَ کہے اور یہ پڑھے

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	اَذْهَبَ
سب تعریفیں	اللہ ہی کے لئے ہیں	جس نے	دور کی
عَنِّی	الْاَذٰی	وَعَافَانِیْ	
مجھ سے	ایذا دینے والی چیز	اور مجھے چین دیا	

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیز دور کی اور مجھے چین دیا۔(ابن ماجہ: ص ٢٦)

(۸) جب وضو کرنا شروع کرے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
شروع نام	اللہ کے	جو بڑا مہربان	نہایت رحم والا ہے

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔(ترمذی:۱/۱۳)

(۹) جب وضو کر چکے تو یہ دعا پڑھے

اَشْهَدُ	اَنْ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ
میں گواہی دیتا ہوں	کہ	کوئی معبود نہیں	سوائے اللہ کے
وَحْدَهٗ	لَا شَرِيْكَ	لَهٗ	وَاَشْهَدُ
وہ تنہا ہے	کوئی شریک نہیں	اس کا	اور میں گواہی دیتا ہوں
اَنَّ مُحَمَّدًا	عَبْدُهٗ	وَرَسُوْلُهٗ	اَللّٰهُمَّ
کہ محمد ﷺ	اللہ کے بندے	اور اس کے رسول ہیں	اے اللہ
اجْعَلْنِیْ	مِنَ التَّوَّابِيْنَ	وَاجْعَلْنِیْ	مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ
مجھے شامل فرمادے	بہت توبہ کرنے والوں میں	اور مجھے شامل فرمادے	خوب پاک رہنے والوں میں

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اے اللہ مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں اور خوب پاک رہنے والوں میں شامل فرمادے۔(ترمذی: ۱/۱۸)

(۱۰) جب مسجد میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ	افْتَحْ	لِیْ	اَبْوَابَ	رَحْمَتِكَ
اے اللہ	کھول دے	میرے لئے	دروازے	اپنی رحمت کے

ترجمہ: اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔(مسلم: ۱/۲۱۸)

(۱۱) مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ دعا پڑھے

سُبْحَانَ	اللهِ	وَالْحَمْدُ	لِلّٰهِ
پاک ہے	اللہ	اور سب تعریفیں	اللہ ہی کے لئے ہیں
وَلَا اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	وَاللّٰهُ	اَكْبَرُ
اور کوئی معبود نہیں	اللہ کے سوا	اور اللہ	سب سے بڑا ہے

ترجمہ: اللہ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ (الاذکار للنووی: ص۷۷)

(۱۲) جب مسجد سے نکلے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ	اِنِّیْ	اَسْئَلُكَ	مِنْ فَضْلِكَ
اے اللہ	میں	تجھ سے سوال کرتا ہوں	تیرے فضل کا

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔ (مسلم: ۲/۲۴۸)

جب اذان کی آواز سنے

توجو مؤذن کہتا جائے وہی کہے اور حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ _ اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے جواب میں لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ _ کہے۔ (بخاری: ۶۱۱، ۶۱۳)

(۱۳) اذان ختم ہونے کے بعد درود پڑھ کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ	رَبَّ	هٰذِهِ	الدَّعْوَةِ
اے اللہ	اے رب	اس	پکار کے
التَّامَّةِ	وَالصَّلٰوةِ	الْقَائِمَةِ	اٰتِ
جو پوری ہے	اور نماز کے	جو قائم ہونے والی ہے	عطا فرما
مُحَمَّدَنِ	الْوَسِيْلَةَ	وَالْفَضِيْلَةَ	وَابْعَثْهُ
محمد ﷺ کو	وسیلہ	اور فضیلت	اور ان کو پہنچا
مَقَامًا	مَّحْمُوْدَ	الَّذِیْ	وَعَدْتَّهٗ
مقام	محمود پر	جس کا	تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے

اِنَّكَ	لَا تُخْلِفُ	الْمِيْعَادَ (۱)	
بیشک تو	خلاف نہیں کرتا	وعدے کا	

ترجمہ: اے اللہ اس پوری پکار کے رب اور قائم ہونے والی نماز کے رب محمد ﷺ کو وسیلہ عطا فرما (جو جنت کا ایک درجہ ہے) اور ان کو فضیلت عطا فرما اوران کو مقام محمود پر پہنچا جس کا تونے ان سے وعدہ فرمایا ہے بیشک تو وعدہ خلاف نہیں کرتا ہے۔(بخاری: ۶۱۴، سنن بیہقی: ۱۹۳۳)

(۱۴) فرض نماز کا سلام پھیر کر داہنا ہاتھ پیشانی پر پھیرتے ہوئے یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ	لَا اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	الرَّحْمٰنُ
اللہ کے نام کے ساتھ	کوئی معبود نہیں	اس کے سوا	(اور) جو رحمٰن
الرَّحِيْمُ ط	اَللّٰهُمَّ	اَذْهِبْ	عَنِّي
اور رحیم ہے	اے اللہ	تو دور کردے	مجھ سے
الْهَمَّ	وَالْحُزْنَ ط		
فکر	اور رنج کو		

ترجمہ: میں نے اللہ کے نام کے ساتھ (نماز ختم کی) جس کے سوا کوئی معبود نہیں (اور) جو رحمٰن ورحیم ہے۔ اے اللہ تو مجھ سے فکرورنج کو دور کردے۔ (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد: ۱۶۹۷۱)

(۱۵) اور تین بار استغفر اللہ کہہ کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ	اَنْتَ	السَّلَامُ	وَمِنْكَ
اے اللہ	تو	سلامت رہنے والا ہے	اور تجھ ہی سے
السَّلَامُ	تَبَارَكْتَ	يَاذَا الْجَلَالِ	وَالْاِكْرَامِ
سلامتی مل سکتی ہے	تو بابرکت ہے	اے بزرگی	اور عظمت والے

۱) اس کے پڑھ لینے سے رسول اللہ ﷺ کی شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

ترجمہ: اے اللہ تو سلامت رہنے والا ہے اور تجھ ہی سے سلامتی مل سکتی ہے تو بابرکت ہے اے بزرگی اور عظمت والے۔ (نسائی: ۱۴۵۱)

(۱۶) وتر پڑھ کر تین مرتبہ یہ پڑھے

سُبْحَانَ	الْمَلِكِ	الْقُدُّوسِ ط
پاکی بیان کرتا ہوں	بادشاہ کی یعنی اللہ کی	جو بہت زیادہ پاک ہے

ترجمہ: پاکی بیان کرتا ہوں بادشاہ کی یعنی اللہ کی جو بہت زیادہ پاک ہے۔ (ابوداؤد: ۱۴۳۰)

تیسری بار بہ آواز بلند کہے اور قدوس کی دال کو خوب کھینچے۔

(۱۷) نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے اگر سات مرتبہ تم نے یہ دعا پڑھ لیا تو اگر اس دن یا اس رات میں مر جاؤ گے تو تمہاری دوزخ سے ضرور خلاصی ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ	اَجِرْنِیْ	مِنَ النَّارِ
اے اللہ	مجھے محفوظ فرمادے	دوزخ سے

ترجمہ: اے اللہ مجھے دوزخ سے محفوظ فرمادے۔ (ابوداؤد: ۵۰۷۹)

(۱۸) جب گھر سے نکلے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ	تَوَكَّلْتُ	عَلَى اللّٰهِ
میں اللہ ہی کا نام لے کر (نکلا)	میں نے بھروسہ کیا	اللہ پر
لَاحَوْلَ	وَلَاقُوَّةَ	اِلَّابِاللّٰهِ
گناہوں سے پھرنے	اور عبادت کرنے کی طاقت	صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے

ترجمہ: میں اللہ ہی کا نام لے کر نکلا میں نے اللہ پر بھروسہ کیا۔ گناہوں سے پھرنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ (ابوداؤد: ۵۰۷۹)

(۱۹) گھر میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ	اِنِّیْ	اَسْئَلُكَ	خَيْرَ
اے اللہ	میں	تجھ سے مانگتا ہوں	اچھا
الْمَوْلَجِ	وَخَيْرَ	الْمَخْرَجِ	بِسْمِ اللّٰهِ
داخل ہونا	اور اچھا	نکلنا	ہم اللہ کا نام لے کر
وَلَجْنَا	وَعَلَى اللّٰهِ	رَبِّنَا	تَوَكَّلْنَا
داخل ہوئے	اور اللہ پر	جو ہمارا رب ہے	ہم نے بھروسہ کیا

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے اچھا داخل ہونا اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں ہم اللہ کا نام لے کر داخل ہوئے اور ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا۔(ابو داؤد:۵۰۹۶)

اس کے بعد اپنے گھر والوں کو سلام کرے۔

(۲۰) جب بازار میں جائے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ	اَللّٰهُمَّ	اِنِّیْ	اَسْئَلُكَ
اللہ کا نام لے کر	اے اللہ	میں	تجھ سے مانگتا ہوں
خَيْرَ	هٰذِهِ	السُّوْقِ	وَخَيْرَ
خیر	اس	بازار کی	اور خیر
مَا فِيْهَا	وَاَعُوْذُبِكَ	مِنْ شَرِّهَا	وَشَرِّ
اس کا جو کچھ اس بازار میں ہے	اور تیری پناہ چاہتا ہوں	اس بازار کے شر سے	اور اس شر سے
مَا فِيْهَا	اَللّٰهُمَّ	اِنِّیْ	اَعُوْذُبِكَ
جو کچھ اس بازار میں ہے	اے اللہ	میں	تیری پناہ چاہتا ہوں
اَنْ	اُصِيْبَ	فِيْهَا	يَمِيْنًا
کہ	کھاؤں	اس میں	قسم
فَاجِرَةً	اَوْ	صَفْقَةً	خَاسِرَةً
جھوٹی	یا (اٹھاؤں)	معاملہ میں	نقصان

ترجمہ: میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا۔ اے اللہ میں تجھ سے اس بازار کی اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کی خیر طلب کرتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ یہاں جھوٹی قسم کھاؤں یا معاملہ میں ٹوٹا اٹھاؤں۔(مستدرک وحاکم: ۱۹۷۷)

(۲۱) جب کھانا شروع کرے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ	اللّٰهِ	وَعَلٰى بَرَكَةِ	اللّٰهِ
میں نے شروع کیا نام لیکر	اللہ کی	اور برکت پر	اللہ کی

ترجمہ: میں نے اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت پر کھانا شروع کیا۔ (مستدرک حاکم: ۷۰۸۴)

(۲۲) اگر شروع میں بسم اللہ بھول گیا تو یاد آنے پر یہ پڑھے

بِسْمِ	اللّٰهِ	اَوَّلَهٗ	وَاٰخِرَهٗ
میں نے نام لیا	اللہ کا	اس کے اول	اور آخر میں

ترجمہ: میں نے اس کے اول و آخر میں اللہ کا نام لیا۔(مستدرک حاکم: ۷۰۸۴)

حدیث شریف میں ہے کہ جس کھانے پر بسم اللہ نہ پڑھی جائے شیطان کو اس میں ساتھ کھانے کا موقع مل جاتا ہے۔ (مسلم: ۵۲۵۹)

(۲۳) جب کھانا کھا چکے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	اَطْعَمَنَا
سب تعریفیں	اللہ ہی کے لئے ہیں	جس نے	ہمیں کھلایا
وَسَقَانَا	وَجَعَلَنَا	مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ	
اور پلایا ہمیں	اور بنایا ہم کو	مسلمانوں میں سے	

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا۔(ترمذی: ۳۴۵۷)

(۲۴) دودھ پی کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ	بَارِكْ	لَنَا
اے اللہ	تو برکت دے	ہمیں
فِیْهِ	وَزِدْنَا	مِنْهُ
اس میں	اور ہم کو زیادہ نصیب فرما	اس میں سے

ترجمہ: اے اللہ تو اس میں ہمیں برکت دے اور یہ ہم کو اور زیادہ نصیب فرما۔(ترمذی:۳۴۵۵)

(۲۵) کسی کے یہاں دعوت کھائے تو یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ	اَطْعِمْ	مَنْ	اَطْعَمَنِیْ
اے اللہ	تو اسے کھلا	جس نے	مجھے کھلایا
وَاسْقِ	مَنْ	سَقَانِیْ	
اور تو اسے پلا	جس نے	مجھے پلایا	

ترجمہ: اے اللہ جس نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا۔(مسلم: ۵۳۶۲)

(۲۶) جب میزبان کے گھر سے چلنے لگے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ	بَارِكْ	لَهُمْ	فِیْمَا
اے اللہ	برکت دے	ان کے لئے	اس میں
رَزَقْتَهُمْ	وَاغْفِرْ	لَهُمْ	وَارْحَمْهُمْ
جو تو نے انہیں رزق دیا ہے	اور بخش دے	ان کو	اور رحم فرما ان پر

ترجمہ: اے اللہ ان کے رزق میں برکت دے اور ان کو بخش دے اور ان پر رحم فرما۔(ابوداؤد: ۳۷۲۹)

(۲۷) جب روزہ افطار کرے تو یہ پڑھے

صُمْتُ	لَكَ	اَللّٰهُمَّ
میں نے روزہ رکھا	تیرے ہی لئے	اے اللہ
اَفْطَرْتُ	عَلٰى رِزْقِكَ	وَ
میں نے روزہ کھولا	تیرے ہی دیے ہوئے رزق پر	اور

ترجمہ: اے اللہ میں نے تیرے ہی لئے روزہ رکھا اور تیرے ہی دیئے ہوئے رزق پر روزہ کھولا۔ (ابو داؤد: ۲۳۵۸)

(۲۸) افطار کے بعد یہ پڑھے

الْعُرُوْقُ	وَابْتَلَّتِ	الظَّمَأُ	ذَهَبَ
رگیں	اور تر ہو گئیں	پیاس	چلی گئی
اللّٰهُ	اِنْ شَآءَ	الْاَجْرُ	وَثَبَتَ
اللہ تعالیٰ	اگر چاہے	ثواب	اور ثابت ہو چکا

ترجمہ: پیاس چلی گئی اور رگیں تر ہو گئیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ ثواب ثابت ہو چکا۔ (ابو داؤد: ۲۳۵۷)

(۲۹) اگر کسی کے یہاں افطار کرے تو یہ پڑھے

طَعَامَكُمْ	وَاَكَلَ	الصَّآئِمُوْنَ	عِنْدَكُمْ	اَفْطَرَ
تمہارا کھانا	اور کھائیں	روزہ دار	تمہارے پاس	افطار کریں
	الْمَلٰئِكَةُ	عَلَيْكُمُ	وَصَلَّتْ	الْاَبْرَارُ
	فرشتے	تم پر	اور رحمت بھیجیں	نیک بندے

ترجمہ: تمہارے پاس روزہ دار افطار کریں اور نیک بندے تمہارا کھانا کھائیں اور فرشتے تم پر رحمت بھیجیں۔ (ابو داؤد: ۳۸۵۴)

(٣٠) جب کپڑا پہنے تو یہ پڑھے

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	كَسَانِیْ	هٰذَا
سب تعریف	اللہ ہی کے لئے ہے	جس نے	مجھے کپڑا پہنایا	یہ
وَرَزَقَنِيْهِ	مِنْ غَيْرِ	حَوْلٍ	مِّنِّیْ	وَلَا قُوَّةٍ
اور نصیب کیا مجھے یہ	بغیر	کوشش کے	میری	اور بغیر قوت کے

ترجمہ: سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور نصیب کیا بغیر میری کوشش اور قوت کے۔(ابوداؤد: ۴۰۲۳)

(٣١) جب نیا کپڑا پہنے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ	لَكَ	الْحَمْدُ	كَمَا
اے اللہ	تیرے ہی لئے	سب تعریف ہے	جیسا کہ
كَسَوْتَنِيْهِ	أَسْأَلُكَ	خَيْرَهٗ	وَخَيْرَ مَا
تو نے مجھے پہنایا یہ کپڑا	میں تجھ سے سوال کرتا ہوں	اس کی بھلائی کا	اور اس چیز کی بھلائی کا
صُنِعَ	لَهٗ	وَأَعُوْذُ	بِكَ
یہ بنایا گیا ہے	جس کے لئے	اور میں پناہ چاہتا ہوں	تجھ سے
مِنْ شَرِّهٖ	وَشَرِّ مَا	صُنِعَ	لَهٗ
اس کی برائی سے	اور اس چیز کی برائی سے	کہ یہ بنایا گیا ہے	جس کے لئے

ترجمہ: اے اللہ تیرے ہی لئے سب تعریف ہے جیسا کہ تو نے یہ کپڑا مجھے پہنایا، میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے اور میں تجھ سے اس کی برائی اور اس چیز کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے۔(ترمذی: ۱۷۶۷)

(۳۲) جب آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھے تو یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ	اَنْتَ	حَسَّنْتَ
اے اللہ	جیسے تو نے	اچھی بنائی ہے
خَلْقِیْ	فَحَسِّنْ	خُلُقِیْ
میری صورت	تو اچھے کردے	میرے اخلاق بھی

ترجمہ: اے اللہ جیسے تو نے میری صورت اچھی بنائی ہے میرے اخلاق بھی اچھے کردے۔ (عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی: ۱۶۳)

(۳۳) دولہا کو یوں مبارکباد دے

بَارَكَ	اللّٰهُ	لَكَ	وَبَارَكَ
برکت دیوے	اللہ	تجھے	اور برکت نازل کرے
عَلَيْكُمَا	وَجَمَعَ	بَيْنَكُمَا	فِیْ خَيْرٍ
تم دونوں پر	اور نباہ کرے	تم دونوں کا	اچھی طرح

ترجمہ: اللہ تجھے برکت دیوے اور تم دونوں پر برکت نازل کرے اور تم دونوں کا خوب نباہ کرے۔ (ترمذی: ۱۰۹۱)

(۳۴) شب قدر میں یوں دعا مانگے

اَللّٰھُمَّ	اِنَّكَ	عَفُوٌّ	تُحِبُّ
اے اللہ	بے شک تو	معاف فرمانے والا ہے	پسند فرماتا ہے
الْعَفْوَ	فَاعْفُ	عَنِّیْ	
معافی کو	لہٰذا معاف فرمادے	مجھے	

ترجمہ: اے اللہ تو معاف فرمانے والا ہے معافی کو پسند فرماتا ہے لہٰذا مجھے معاف فرمادے۔ (ترمذی: ۳۵۱۳)

(۳۵) جب نیا چاند دیکھے تو یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ	اَھِلَّهٗ	عَلَيْنَا	بِالْيُمْنِ	وَالْاِيْمَانِ
اے اللہ	اسے نکلا رکھ	ہمارے اوپر	برکت	اور ایمان
وَالسَّلَامَةِ	وَالْاِسْلَامِ	رَبِّيْ	وَرَبُّكَ	اللّٰهُ
اور سلامتی	اور اسلام کے ساتھ	(اے چاند) میرا رب	اور تیرا رب	اللہ ہے

ترجمہ: اے اللہ اسے تو ہمارے اوپر برکت اور ایمان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ اور ان اعمال کے ساتھ جن سے تو راضی ہے اسے نکلا رکھ اے چاند میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔ (ترمذی: ۳۴۵۱)

(۳۶) مسلمان کو ہنستا دیکھ کر یوں دعا دے

اَضْحَكَ	اللّٰهُ	سِنَّكَ
ہنساتا رہے	اللہ	تمہارے دانتوں کو

ترجمہ: اللہ تجھے ہنساتا رہے۔ (بخاری: ۳۶۸۳)

(۳۷) جب کسی مریض کی عیادت کو جائے تو یوں تسلی دے

لَا بَأْسَ	طَهُوْرٌ	اِنْ شَآءَ	اللّٰهُ
کچھ ڈر نہیں	(یہ بیماری گناہوں سے) پاک کرنے والی ہے	اگر چاہے	اللہ تعالیٰ

ترجمہ: کچھ ڈر نہیں ان شاء اللہ یہ بیماری گناہوں سے پاک کرنے والی ہے۔ (بخاری: ۳۶۱۶)

(۳۸) جب سواری پر بیٹھ جائے تو یہ پڑھے

سُبْحَانَ	الَّذِیْ	سَخَّرَ	لَنَا
پاک ہے (اللہ)	جس نے	قبضے میں دے دیا	ہمارے
هٰذَا	وَمَاكُنَّا	لَهٗ	مُقْرِنِيْنَ
اس کو	اور نہیں تھے ہم	اسے	قبضہ میں کرنے والے
وَاِنَّا	اِلٰی رَبِّنَا	لَمُنْقَلِبُوْنَ	
اور بلاشبہ ہمیں	اپنے رب کی طرف	ضرور جانا ہے	

ترجمہ: اللہ پاک ہے جس نے اس کو ہمارے قبضے میں دے دیا اور ہم (اس کی قدرت کے بغیر) اسے قبضہ میں کرنے والے نہ تھے اور بلاشبہ ہم کو اپنے رب کی طرف ضرور جانا ہے۔(الزخرف: ۱۳، ۱۴)

(۳۹) جب کسی منزل یا ریلوے اسٹیشن یا موٹر اسٹینڈ پر اترے تو یہ پڑھے

اَعُوْذُ	بِكَلِمٰتِ	اللّٰهِ	التَّآمَّاتِ
میں پناہ چاہتا ہوں	کلموں کے واسطے	اللہ کے	جو پورے ہیں
مِنْ شَرِّ	مَا	خَلَقَ	
اس چیز کے شر سے	جو	اس نے پیدا کیا ہے	

ترجمہ: اللہ کے پورے کلموں کے واسطے سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں اس کی مخلوق کے شر سے۔(ترمذی: ۳۴۳۷)

(۴۰) جب قبرستان میں جائے تو یہ پڑھے

اَلسَّلَامُ	عَلَيْكُمْ	يَا اَهْلَ	الْقُبُوْرِ	يَغْفِرُ	اللّٰهُ
سلام ہو	تم پر	اے	قبروں والو	بخشے	اللہ
لَنَا	وَلَكُمْ	اَنْتُمْ	سَلَفُنَا	وَنَحْنُ	بِالْاَثَرِ
ہم کو	اور تم کو	تم	ہم سے پہلے چلے گئے	اور ہم	بعد میں آنے والے ہیں

ترجمہ: اے قبروں والو! تم پر سلام ہو ہم کو اور تم کو اللہ بخشے۔ تم ہم سے پہلے چلے گئے اور ہم بعد میں آنے والے ہیں۔(ترمذی: ۱۰۵۳)

............تمّت بالخیر............

فیصل کتب خانہ آپ کی خدمت میں

فیصل کتب خانہ کا نام شاید آپ کیلئے نیا ہو لیکن اس کے وجود کا یہ نواں سال ہے جو پروفیسر پی ایچ ڈی سکالر مولانا شاہ فیصل کے قلم سے پشتو میں مختلف کتابوں کی تالیف وتصنیف اور تراجم کا شرف حاصل کر رہا ہے اور الحمد للہ صوبہ پختونخوا اور بلوچستان کے تمام شہروں اور پورے افغانستان میں پہچانا جاتا ہے بعض احباب کی توجہ دلانے پر اب اردو زبان میں اور اسی طرح درسیات پر کام کرنے کا عزم کر چکا ہے چونکہ **مولانا شاہ فیصل** خود فیصل کتب خانہ کا مدیر ہے اور تالیف وتصنیف اور ترجمہ کے طویل تجربے کا حامل بھی ہے اس لئے اس کی کوشش ہے کہ درسیات میں اپنی طرف سے جدید تسہیلات اور اضافات مہیا کریں مثال کے طور پر **معارف القرآن پشتو مترجم** میں مولانا نے لفظی اور بامحاورہ ترجمہ، خلاصہ تفسیر میں قرآنی آیات کا اضافہ اور عربی وفارسی اشعار کا ترجمہ کیا جس کو **الحمدللہ** کافی مقبولیت حاصل ہوئی اور اب درسیات کے پہلے درجہ میں

(١) بعض کتابوں کے ہر فصل کے آخر میں مشقی سوالات کا اضافہ کرنا

(٢) تسہیل النحو میں فارسی کے ساتھ اردو ترجمہ

(٣) بعض کتابوں میں لفظی ترجمہ کا اضافہ

(٤) بعض کتابوں میں مختلف اشیاء مثلاً جملے الفاظ معانی وغیرہ کو نمبرات دینا

(٥) بعض کتابوں میں نکات کی صورت مشکل الفاظ کی معانی لکھنا

(٦) مؤلفین کا مختصر تعارف کرنا وغیرہ

ان شاءاللہ عنقریب تمام درسیات اپنی اضافی تسہیلات اور اضافات کے ساتھ آپ کی خدمت میں پیش ہونگے اللہ ہمارا حامی اور ناصر ہو اور آپ سے بھی دعا کی استدعا ہے والسلام

از فیصل کتب خانہ محلہ جنگی پشاور

فیصل کتب خانہ